پریس ریلیز

# شیل 'تعمیر' پروگرام کے تحت اہم ایجادات کرنے والے پاکستانی نوجوانوں کو اعزازات پیش کیے

کراچی: **18 ستمبر، 2021** - شیل 'تعمیر' سماجی ترقی کا ایک اہم پروگرام ہے، جس کے حتمی نتائج اور اعزازات کی تقریب - شیل تعمیر ایوارڈز 2021، حال ہی میں شیل ہاؤس کراچی میں منعقد کی گئی۔ اس حوالے سے قومی سطح پر ایک مقابلے کا انعقاد کیا گیا تھا، جس میں موثر ایجادات کرنے والے ذہین ترین نوجوانوں اور جدید کاروباری تصورات کے بانی پاکستانیوں کو شاندار اعزازات کے ساتھ ترقیاتی سرمائے سے بھی نوازا گیا۔ کاروباری شعبے کے معروف قائدین سمیت پیشہ ور صنعتی ماہرین، موجودہ اور حوصلہ مند انٹرپرینیور کی ایک بڑی تعداد نے اس پروقار تقریب میں شرکت کی اور کامیابی حاصل کرنے والے پرعزم نوجوانوں کی کارکردگی کو سراہا۔ اس تقریب کو پورے ملک میں ناظرین کیلئے براہ راست نشر کیا گیا۔

شیل تعمیر ایوارڈز - 2021 کے مندرجہ ذیل شعبوں میں کامیابی حاصل کرنے والے نوجوانوں کی فہرست: سرکلر اکنامی (گردشی معیشت) - ٹریش اِٹ، انوشہ فاطمہ، ٹیکنالوجی کی بنیاد پر کام کرنے والا ویسٹ ری سائیکلنگ اسٹارٹ اپ جو کمیونٹیز کو اپنے ویسٹ کا فٹ پرنٹ کم کرنے کے قابل بناتا ہے اور اِسی کے ساتھ سپلائی چین میں انفارمل ویسٹ پکرز کے لیے مواقع بھی پیدا کرتا ہے۔ کلین انرجی سلوشن (ماحولیاتی آلودگی سے پاک توانائی کا نظام) - Enent، اسامہ بن شکیل، کلین ٹیک اسٹارٹ اپ جس کی توجہ کا مرکز جدید الیکٹریکل لوڈ مینجمنٹ پروڈکٹس کی ڈیزائننگ پر مرکوز ہے۔ یہ پروڈکٹس بجلی کے بلوں اور نقصانات میں 20 فیصد تک کمی کرتے ہیں۔ ایمپاورنگ ویمین (خواتین کی خودمختاری)-- Civixa، الوینہ سہیل۔ خواتین کی زیر قیادت چلنے والا اسٹارٹ اپ جو آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی بنیاد پر ڈیٹا مینجمنٹ سولوشنز فراہم کرتا ہے تاکہ اداروں کو ڈیٹا کی بنیاد پر اختیار کیے گئے طریقوں کی مدد سے کاروباری اہداف حاصل کر سکیں۔ ٹیکنالوجی انوویشن (ٹیکنالوجی کی جدّت) - Asani.io، انصاب نقوی، ٹیکنالوجی انوویٹر جو اسمارٹ ایپ اور IoT کی بنیاد پر کام کرنے والی ٹیکنالوجی کی مدد سے گھروں کے اور صنعتوں کے لیے واٹر مینجمنٹ سولوشنز فراہم کر رہا ہے۔ ٹرانسپورٹ اینڈ موبلیٹی (نقل وحمل اور ترسیل) - Elixs، محمد احمد، نوجوان انوویٹر جو مقامی طور پر تیار کردہ الیکٹرک بائی سائیکلز کے ذریعے سسٹین ایبل موبلیٹی فراہم کرتا ہے تاکہ سفر کے ماحولی اثرات کم کیے جاسکیں۔ برائٹ آئیڈیا (ذہین تصورات) - بولتے حروف، حافظ شیخ عمر فاروق، ٹیکنالوجی کی بنیاد پر کام کرنے والا سماجی ادارہ جس کا مقصد بریل ٹرانسلیشن سافٹ ویئر کے ذریعے نابینا اور کمزور بینائی والے افراد کے لیے رسائی اور ڈیجیٹل شمولیت بہتر بنانا ہے۔

سرکلر اکنامی کے شعبے میں دوسرے نمبر پر آنے والا کاروبار انٹرنیشنل سروسز پاک تھا، کلین انرجی سلوشن کے شعبے میں دوسرے نمبر پر آنے والا کاروبار رینیو پاور پروجیکٹ تھا، ایمپاورنگ ویمین کے شعبے میں دوسرے نمبر پر آنے والا کاروبار Beetee تھا، ٹیکنالوجی انوویشن کے شعبے میں دوسرے نمبر پر آنے والا کاروبار Cricflex تھا اور ٹرانسپورٹ اینڈ موبلیٹی کے شعبے میں دوسرے نمبر پر آنے والا کاروبار vCarpool تھا، جبکہ برائٹ آئیڈیا کے شعبے میں دوسرے نمبر پر آنے والا کاروبار Eco Stablizer تھا۔ اس سال کے ایوارڈز پروگرام میں، 125 ایپلی کیشنز موصول ہوئیں، جن میں سے 20 حتمی امیدواروں کو 6 مختلف شعبوں میں ایوارڈ کے لئے منتخب کیا گیا۔ حتمی امیدواروں نے مختلف صنعتی شعبوں کے ماہرین پر مشتمل ایک جیوری پینل کے سامنے اپنی پریزنٹیشن پیش کیں، جنہوں نے اس سال کے فاتح اور رنراپ کو چھ مختلف شعبوں میں ایوارڈز کے لئے منتخب کیا۔

اس تقریب کے دوران، اعلیٰ قابلیت کے حامل کاروباری قائدین کے ایک پینل نے، ایک علمی مباحثہ بھی پیش کیا، جس کا موضوع تھا: پاکستان کے روشن مستقبل کی تعمیر میں ایجادات اور کاروباری فروغ کا اہم کردار۔ مباحثے میں شریک ماہرین نے پاکستان کی آبادی میں نوجوان اکثریت کی کاروباری افادیت کو اجاگر کیا اور متعدد اہم تجاویز پیش کیں۔ مثلاً؛ حکومت کو جدید ٹیکنالوجی اور نوجوانوں کی کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے مزید سرمایہ کاری کرتے ہوئے، موزوں انکیوبیٹر ادارے تشکیل دینے چاہئیں۔ ذہین تصورات پر مبنی اسٹارٹ اپس کو ابتدائی تین سال تک ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا جائے اور موزوں ترقیاتی ماحول قائم کرنے میں نجی شعبے کو کیا اہم کردار ادا کرنا چاہئے۔ ماہرین کے پینل میں؛ شیل پاکستان کے چیف ایگزیکٹو - ہارون راشد کے علاوہ یونی لیور پاکستان کے سربراہ - عامر پراچہ اور داؤد ہرکولیس گروپ کے چیف ایگزیکٹو - انعام الرحمٰن سمیت NCCPL کے چیئرمین- ہمایوں بشیر شامل تھے، جبکہ تقریب کی میزبان، میڈیا اینکر - سدرہ اقبال تھیں۔

اپنے خطاب میں شیل پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ہارون رشید نے کہا کہ: ہمارے لئے یہ نہایت حوصلہ افزاء موقع ہے، کہ ہم پرجوش نوجوانوں کی اتنی بڑی تعداد کو پاکستان کے مختلف اقتصادی اور اہم معاشرتی مسائل کا حل تلاش کرنے کے لئے، ایسی جدّت پسند سرگرمیوں میں مصروف دیکھ رہے ہیں۔ اس تقریب میں شرکت کرنے اور کامیاب ہونے والے شرکاء پر پوری قوم کو فخر ہے۔ شیل پاکستان کے لئے بھی یہ اعزاز کی بات ہے کہ ہم ان نوجوانوں کے ترقیاتی سفر میں ان کے معاون اور ہمراہ ہیں، تاکہ ماحولیاتی تحفظ کے ساتھ وافر توانائی کی فراہمی کے ذریعے کاروباری افزائش میں اضافہ کیا جائے، تاکہ معاشرتی تبدیلی اور قومی ترقی کو یقینی بنایا جائے۔ شیل تعمیر جیسی جدت پسند سرگرمیوں میں سرمایہ کاری، ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، تاکہ کاروبار اور معیشت کو مضبوط بنایا جائے۔

سنہ 2003 میں شیل تعمیر پروگرام کا آغاز ہونے کے بعد، اب تک 86 پاکستانی کاروباری شخصیات شیل تعمیر ایوارڈز جیت چکے ہیں۔ لہٰذا، ان کے کاروبار میں سرمایہ کاری کے لئے رقوم فراہم کرنے کے علاوہ میڈیا پر ان کی نمایاں تشہیر بھی کی گئی۔ ان میں سے 10 پاکستانی نوجوانوں کو 38 لاکھ روپے کی بین الاقوامی تجارتی گرانٹس بھی فراہم کی گئیں اور سات ممالک کا دورہ بھی کروایا گیا، تاکہ وہ اپنے کاروبار کو دیگر ممالک میں وسعت دے سکیں۔ شیل تعمیر سے سند یافتہ 9 پاکستانی افراد نے بین الاقوامی سطح پر شیل کے "ٹاپ ٹین انوویٹرز ایوارڈ" بھی جیتے ہیں، جن کے نقد انعامات کی مالیت ایک کروڑ چار لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ اس طرح انہیں قومی اور عالمی سطح پر نمایاں شہرت بھی حاصل ہوئی۔